## رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر نے ایک اطلاعیہ صادر کیاہے - 8 /Nov/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر کے رابطہ عامہ نے ایک بیان جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ذرائع ابلاغ اورصاحب مناصب رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای اور معظم لہ کے دفتر سے منتسب ایسے مطلب کو شائع کرنے سے بالکل پرہیز کریں جوغیر رسمی اور غیر واقعی طریقہ سے شائع ہوئے ہوں۔

اطلاعیہ کا متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

رہبرمعظم انقلاب اسلامی اور معظم لہ کے دفتر سے منتسب مطالب کے سلسلے میں یاددہانی کے باوجود پھر عام نشریات میں بنیادی آئین سے متعلق اہم اور حساس مباحث کے بارے میں بے بنیاد اور غیر واقعی اظہارات سامنے آئے ہیں جو افسوس کا باعث بنے ہیں لہذا ذرائع ابلاغ اور صاحبان مناصب سے امید کی جاتی ہے کہ وہ رہبر معظم انقلاب اسلامی اور معظم لہ کے دفتر سے منتسب غیر واقعی اور غیر رسمی مطلب کو شائع کرنے سے پرہیز کریں گے۔

رابطہ عامہ دفتر مقام معظم رہبری

17/8/1390